راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد، مہاراشٹر، پونے

نپن بھارت - آموزشی مطالعہ سروے

مضمون : ریاضی - جماعت : تیسری

آموزشی ماحصل ۱ : ۹۹۹ تک اعداد پڑھتا ہے۔

سرگرمی : اعداد کا علم

سطر نمبر ۱	۷	۰	۴	۳
سطر نمبر ۲	۲	۹	۸	۴۸
سطر نمبر ۳	۵۲	۳۱	۷۵	۸۲
سطر نمبر ۴	۲۹	۴۲	۶۴	۹۹
سطر نمبر ۵	۳۴۸	۶۰۶	۴۵۸	۷۸۴
سطر نمبر ۶	۷۷۷	۶۹۰	۹۹۲	۸۳۹

قدر پیمائی کے اُصول (نشانات دینے کا طریقہ کار):

قدر پیمائی کے اُصول	درجہ
۹۹۹ تک کے اعداد پڑھتا ہے۔ (ہر سطر میں سے کم از کم دو عدد صحیح پڑھتا ہے)	۳
۹۹ تک کے اعداد پڑھتا ہے۔ (سطر نمبر ۱ تا ۴ میں سے ہر سطر سے کم از کم دو عدد صحیح پڑھتا ہے)	۲
۹ تک کے اعداد پڑھتا ہے۔ (سطر نمبر ۱ اور ۲ میں سے ہر سطر سے کم از کم دو عدد صحیح پڑھتا ہے)	۱
متوقع ردعمل حاصل نہیں ہوا	۰

اساتذہ کے لیے ہدایت : ہر طالب علم کو سامنے بلا کر سطر کے مطابق عدد پڑھنے کے لیے کہیں۔ طالب علم کسی عدد کو پڑھتے وقت اگر رک جائے تو اگلا عدد پڑھنے کہیں۔ متواتر ۳ تا ۴ عدد نہ پڑھنے پر سرگرمی روک دیں اور قدر پیمائی کے اُصولوں کے مطابق اندراج کریں۔

آموزشی ماحصل ۲ : ۹۹۹ تک کے اعداد پڑھتا ہے اور ان کا موازنہ کرتا ہے۔ چھوٹا - بڑا پن طے کرتا ہے۔

سرگرمی : اعداد کا چھوٹا - بڑا پن

سطر نمبر ۱	۳ ,۷	۹ ,۲	۴ ,۵
سطر نمبر ۲	۱۸ ,۲۳	۲۷ ,۱۹	۳۰ ,۳۱
سطر نمبر ۳	۸۲ ,۵۶	۵۴ ,۳۴	۵۶ ,۶۵
سطر نمبر ۴	۱۲۶ ,۱۲۵	۱۹۵ ,۱۵۹	۱۲۹ ,۱۳۰
سطر نمبر ۵	۷۴۳ ,۳۴۷	۶۵۸ ,۵۶۷	۴۰۱ ,۴۱۰
سطر نمبر ۶	۸۹۶ ,۸۶۷	۹۲۷ ,۹۲۵	۸۹۶ ,۸۹۰

قدر پیمائی کے اُصول (نشانات دینے کا طریقہ کار):

قدر پیمائی کے اُصول	درجہ
۹۹۹ تک کے اعداد کا موازنہ کرتا ہے۔ (ہر سطر میں سے کم از کم دو)	۳
۹۹ تک کے اعداد کا موازنہ کرتا ہے۔ (سطر نمبر ۱، ۲ اور ۳ میں کی ہر سطر میں سے کم از کم دو)	۲
۹ تک کے اعداد کا موازنہ کرتا ہے۔ (سطر نمبر ۱ میں سے کم از کم دو)	۱
متوقع ردعمل حاصل نہیں ہوا	۰

اساتذہ کے لیے ہدایت : ہر سطر میں عددوں کے تین گروہ دیے ہوئے ہیں۔ ہر سطر میں دیے ہوئے گروہ کے اعداد پڑھ کر ان میں چھوٹا - بڑا عدد پہچاننے کے لیے کہیں اور قدر پیمائی کے اُصولوں کے مطابق ردّعمل / جواب کا اندراج کریں۔

آموزشی ماحصل ۳ : دو یا زیادہ اعداد پر عمل کرتا ہے۔(۹۹ سے زیادہ والے جواب نہ ہو)

سرگرمی : اعداد پر عمل (جمع اور تفریق)

۱)	۲ + ۴ =
۲)	۳ + ۶ =
۳)	۳۴ + ۱۱ =
۴)	۴۷ + ۲۵ =
۵)	۸ - ۳ =
۶)	۷ - ۵ =
۷)	۷۸ - ۳۴ =
۸)	۶۲ - ۳۵ =

قدر پیمائی کے اُصول (نشانات دینے کا طریقہ کار):

قدر پیمائی کے اُصول	درجہ
۹۹ تک کے اعداد کی جمع -تفریق کرتا ہے۔ (کم از کم ۷ تا ۸ مثالیں صحیح حل کرتا ہے)	۳
۹۹ تک کے اعداد کی جمع -تفریق کرتا ہے۔ (کم از کم ۵ تا ۶ مثالیں صحیح حل کرتا ہے)	۲
۹۹ تک کے اعداد کی جمع -تفریق کرتا ہے۔ (کم از کم ۳ تا ۴ مثالیں صحیح حل کرتا ہے)	۱
متوقع ردعمل حاصل نہیں ہوا	۰

اساتذہ کے لیے ہدایت : درج بالا مثالیں حل کرنے کے لیے طالب علم اپنا کاغذ یا بیاض استعمال کرسکتا ہے۔متواتر تین یا چار مثالیں حل نہ کرنے کی صورت میں سرگرمی کو روک دیں اور قدر پیمائی کے اُصولوں کے مطابق ردّعمل/ جواب کا اندراج کریں۔

آموزشی ماحصل ۴ : روزمرہ زندگی میں ۲۰ تک اعداد کی جمع وتفریق کو استعمال کرتا ہے۔

سرگرمی : لفظی مثالیں

۱)	ثنا کے پاس ۶ روپے ہیں۔ ابّا نے اسے ۵ روپے دیے تو اب اس کے پاس کل کتنے روپے ہوگئے؟
۲)	طویلے میں ۹ گائے اور ۱۴ بھینس ہیں تو طویلے میں کل کتنے جانور ہیں؟
۳)	رانی کے پاس ۱۶ پنسل ہیں۔ اس میں اس نے ۷ پنسلیں اپنی سہیلیوں میں تقسیم کردیں تو اب اس کے پاس کتنی پنسلیں باقی رہیں؟
۴)	ایک درخت پر ۱۸ پرندے بیٹھے ہیں۔ ان میں سے ۷ طوطے اور باقی چڑیاں ہیں تو چڑیاں کتنی ہیں؟
۵)	شام کے پاس ۵ قلم ہیں۔ رادھا کے پاس شام سے ۴ قلم زیادہ ہیں تو بتایئے رادھا کے پاس کل کتنے قلم ہیں؟
۶)	ایک امتحان میں جان کو ۱۷ نمبرات ملے اور یاسمین کو ۸ نمبرات ملے تو جان کو کتنے نمبرات زیادہ ملے؟

قدر پیمائی کے اُصول (نشانات دینے کا طریقہ کار):

قدر پیمائی کے اُصول	درجہ
روزمرہ زندگی کے مسائل حل کرنے کے لیے مناسب عمل پہچان کر مثالیں صحیح طور پر حل کرتا ہے۔ (۵ تا ۶ مثالیں حل کرتا ہے)	۳
روزمرہ زندگی کے مسائل حل کرنے کے لیے مناسب عمل کرکے مثالیں صحیح طور پر حل کرتا ہے۔ (۳ تا ۴ مثالیں حل کرتا ہے)	۲
روزمرہ زندگی کے مسائل حل کرنے کے لیے مناسب عمل کرکے مثالیں صحیح طور پر حل کرتا ہے۔ (۱ تا ۲ مثالیں حل کرتا ہے)	۱
متوقع ردعمل حاصل نہیں ہوا	۰

اساتذہ کے لیے ہدایت : درج بالا مثالیں حل کرنے کے لیے طلبہ الگ سے کاغذ یا بیاض استعمال کرسکتے ہیں۔ مسلسل تین تا چار مثالیں حل نہ کرنے پر اس سرگرمی کو روک دیں اور قدر پیمائی کے اُصولوں کے مطابق اندراج کریں۔

آموزشی ماحصل ۵ : بار بار کی گئی جمع یعنی ضرب، اس معنی میں عمل کرتا ہے اور ۲ تا ۴ عددوں کے پہاڑے بناتا ہے۔

سرگرمی : اعداد پر عمل (ضرب)

۴	۳	۲	×
	۳	۲	۱
	۶	۴	۲
	۹	۶	۳
	۱۲	۸	۴
	۱۵	۱۰	۵

قدر پیمائی کے اُصول (نشانات دینے کا طریقۂ کار):

قدر پیمائی کے اُصول	درجہ
ضرب کا عمل صحیح طور پر کرتا ہے۔ (۴ تا ۵ خالی چوکونوں میں صحیح عدد لکھتا/ بتاتا ہے)	۳
ضرب کا عمل صحیح طور پر کرتا ہے۔ (۲ تا ۳ خالی چوکونوں میں صحیح عدد لکھتا/ بتاتا ہے)	۲
ضرب کا عمل صحیح طور پر کرتا ہے۔ (کسی ایک چوکون میں صحیح عدد لکھتا/ بتاتا ہے)	۱
متوقع ردعمل حاصل نہیں ہوا	۰

اساتذہ کے لیے ہدایت : طلبہ کو درج بالا جدول کا مشاہدہ کرنے کے لیے کہیں۔ خالی چوکون میں آنے والے عدد بتانے کے لیے کہیں اور قدر پیمائی کے اُصولوں کے مطابق اندراج کریں۔

آموزشی ماحصل ۶ : دو رُخی شکل جیسے مستطیل، مثلث، دائرہ، بیضوی دائرہ پہچانتا ہے اور ان کی خصوصیات کی وضاحت کرتا ہے۔

سرگرمی : پیمائش



مستطیل -

مثلث -

دائرہ -

قدر پیمائی کے اُصول (نشانات دینے کا طریقۂ کار):

قدر پیمائی کے اُصول	درجہ
تینوں اشکال کی شناخت کرتا ہے اور ان کی صحیح تعداد بتاتا ہے۔	۳
کوئی دو شکلوں کی شناخت کرتا ہے اور ان کی صحیح تعداد بتاتا ہے۔	۲
کوئی ایک شکل کی شناخت کرتا ہے اور اس کی صحیح تعداد بتاتا ہے۔	۱
متوقع ردعمل حاصل نہیں ہوا	۰

اساتذہ کے لیے ہدایت : طلبہ کو تصویر دِکھا کر تینوں شکلیں پہچاننے کے لیے کہیں۔ تینوں شکلوں کی کل تعداد پوچھیں اور قدر پیمائی کے اُصولوں کے مطابق اندراج کریں۔